بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم　　وعلیٰ عبدہ المسیح الموعود

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ　　ان الدین عند اللہ الاسلام

International Headquarters:
RABWAH, PAKISTAN

National Headquarters:
2141 Leroy Place, N.W.,
Washington, D.C. 20008

The Ahmadiyya Movement in Islam Inc.

WEST COAST REGION
3336 MAYBELLE WAY
OAKLAND CA 94619
(415) 261-9481

اخبار احمدیہ نمبر

ربوہ - ۲۸ جون -

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز آج کل اسلام آباد میں قیام فرما ہیں- احباب جماعت بالالتزام دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضور کو صحت و عافیت سے رکھے اور اپنی تائید و نصرت سے نوازتا رہے۔ آمین

حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی طبیعت بلڈ پریشر بڑھ جانے کی وجہ سے گزشتہ رات سے پھر زیادہ ناساز ہے- احباب جماعت بالالتزام دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ کو صحت کاملہ عاجلہ عطا فرمائے اور آپ کا بابرکت سایہ تا دیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے- آمین -

صد سالہ احمدیہ جوبلی منصوبہ

تبلیغِ اسلام میں اور زیادہ وسعت پیدا کرنے کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے ۲۸ دسمبر ۱۹۷۳ء جلسہ سالانہ کے موقع پر صد سالہ احمدیہ جوبلی منصوبہ کا اعلان فرمایا تاکہ جماعتِ احمدیہ پر ٹھیک ایک صدی گزرنے پر جشن منانے کے لئے ڈھائی کروڑ روپیہ مخلصینِ جماعتِ احمدیہ سولہ سالوں میں ادا کریں جس سے نئے نئے مقامات پر تبلیغی مشنز کھولے جائیں- قرآن مجید کے تراجم شائع کئے جائیں اسلامی لٹریچر دنیا کی مختلف زبانوں میں شائع کئے جائیں- جس پر جماعت نے اسلام اور امام ہمام سے بے پناہ عقیدت اور محبت کا اظہار کرتے ہوئے قریباً بارہ کروڑ روپے کے وعدے پیش کر دئے- جن کی وصولی ہو رہی ہے حضور ایدہ اللہ تعالےٰ نے اس منصوبے کا بنیادی پہلو نفلی عبادات اور ذکرِ الٰہی بیان فرمایا ہے :-

"سو سالہ احمدیہ جوبلی منصوبہ کا پہلا بنیادی پہلو یہ ہے کہ ہم اللہ تعالےٰ کی اتنی حمد اور شکر کریں کہ خدا تعالیٰ رجوع برحمت ہو کر نئی صدی میں ہمیں پہلے سے کہیں بڑھ کر فضلوں، رحمتوں اور برکتوں سے نوازتا چلا جائے اور اس طرح اسلام کے موعودہ غلبہ کو منصۂ شہود پر لے آئے اسی لئے میں نے ان پندرہ سالوں کے لئے تسبیح و تحمید، دعاؤں اور نوافل کا ایک روحانی پروگرام جماعت کے سامنے رکھا ہے- اس کی تفصیل یوں ہے :-

(۱) جماعتِ احمدیہ کے قیام پر ایک صدی مکمل ہونے تک ہر ماہ احباب جماعت ایک نفلی روزہ رکھا کریں جس کے لئے ہر قصبہ شہر یا محلہ میں جینے کے آخری ہفتہ میں کوئی ایک دن مقامی طور پر مقرر کر لیا جائے

(۲) دو نفل روزانہ ادا کئے جائیں جو نمازِ عشاء کے بعد سے لے کر نمازِ فجر سے پہلے تک یا نمازِ ظہر کے بعد ادا کئے جائیں-

(۳) کم از کم سات بار روزانہ سورۃ فاتحہ کی تلاوت کی جائے اور اس پر غور و تدبر کیا جائے-

(۴) تسبیح و تحمید اور درود شریف اور استغفار کا ورد روزانہ تینتیس تینتیس بار کیا جائے-

(۵) رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ - اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ کم از کم گیارہ گیارہ بار پڑھی جائیں"-

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعتِ احمدیہ کے افراد حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اس روحانی پروگرام پر عمل کر رہے ہیں جس سے اصلاحِ نفوس کا کام ہو رہا ہے اور اللہ تعالیٰ کی حمد کر کے اس کے بے انتہا افضال رحمتوں اور برکتوں کی جماعت وارث بن رہی ہے نیز اسلام کی عالمگیر تبلیغ کے کامیاب ہونے کے لئے دعاؤں کا سلسلہ جاری ہے-

حضور ایدہ اللہ نے اس منصوبے کے اغراض و مقاصد کو انتہائی جامع اور زور دار پُر درد الفاظ میں بیان فرمایا ہے کہ :-

"حمد اور عزم دو لفظ ہیں جن کا مظاہرہ ۱۹۸۹ء میں ہماری جماعت کی طرف سے صد سالہ جشن کے موقع پر ہو گا اور حمد اور عزم کے اس عظیم الشان مظاہرہ کے لئے ہمیں قرآن کریم کی تعلیم کے مطابق اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاداتِ گرامی کے مطابق قربانیاں کرنی ہیں اور وہ سکیمیں تیار کرنی ہیں جن سے اسلام کی عظمت جلد از جلد ساری دنیا میں قائم ہو جائے"-

(خطاب جلسہ سالانہ ۱۹۷۳ء)

اس عظیم روحانی منصوبہ کے تحت حضور ایدہ اللہ نے بعض سکیموں کی اجمالی رنگ میں نشاندہی بھی فرمائی تھی -

(۱) روئے زمین پر آباد تمام بنی نوع انسان تک قرآن کریم کے حیات آفریں پیغام کا فرانسیسی - روسی - چینی - ہسپانوی - اٹالین - پرتگیزی - سواحلی - عربی - فارسی اور بہت سی دوسری مشہور زبانوں میں تراجم کا انتظام کیا جائے گا جبکہ اس سے قبل جماعتِ احمدیہ قرآنی علوم کو تمام اقوام اور تمام ممالک تک پہنچانے کے لئے متعدد زبانوں میں تراجم شائع کرا چکی ہے

(۲) صد سالہ احمدیہ جوبلی منصوبہ کے تحت مشرقی افریقہ کے تین تین اہم مقامات اسی طرح فرانس - سپین - ناروے - سویڈن - اٹلی - ڈنمارک - کینیڈا - شمالی اور جنوبی امریکہ بعض دوسرے اہم ممالک میں مزید مشنز کھولے جائیں گے-

(۳) دنیا کی کم از کم سو زبانوں میں بنیادی اسلامی لٹریچر شائع کیا جائے گا-

(۴) تبلیغی اعتبار سے دنیا کے تین اہم مقامات پر اعلیٰ معیار کے تین مضبوط اور بڑے پرنٹنگ پریس لگائے جائیں گے

(۵) اسلام کی حقیقت سے ساری دنیا کو روشناس کرانے کے لئے "وائس آف اسلام" کے نام سے ایک بڑا براڈ کاسٹنگ سٹیشن قائم کیا جائے گا- جہاں سے رات دن اسلام کی تبلیغ ہوتی رہے گی اس ضمن میں حضور ایدہ اللہ نے فرمایا دنیا میں ریڈیو کے اسٹیشن کو نمبر ایک نہیں ہونا چاہیئے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے براڈکاسٹنگ کو نمبر ایک ہونا چاہیئے اور خدا کرے کہ ہماری جماعت جلد اس میں کامیاب ہو جائے-

(۶) دنیا بھر کی احمدی جماعتوں کے وفود کے لئے مرکزِ احمدیت میں مناسب رہائش گاہوں کی تعمیر عمل میں آئے گی-

احبابِ کرام! ان سکیموں میں سے بیشتر پر عمل ہونا شروع ہو گیا ہے یہ عالمگیر منصوبہ خلافتِ ثالثہ کا ایک عظیم کارنامہ ہے جسے تاریخ اسلام کبھی بھی فراموش نہ کر سکے گی حضور نے اس منصوبے کو ایک بہت بڑے ڈیم سے تشبیہ دی ہے جس سے ہر جہت میں روحانی نہریں نکالی جائیں گی اور اسلامی تعلیمات سے ہر انسان کو بہرہ ور کیا جائے گا یہاں تک کہ ساری دنیا کا مذہب اسلام ہو گا اس تعلق میں حضور فرماتے ہیں :-

"جماعتِ احمدیہ کی روحانی ترقی میں شدت پیدا کرنے کے لئے اب ایک اور زبردست روحانی بند صد سالہ احمدیہ جوبلی منصوبہ ہے ..... دراصل یہ ایک زبردست تیاری ہے نئی صدی کے استقبال کی ..... میں علیٰ وجہ البصیرت اس یقین پر قائم ہوں کہ جب ہم دوسری صدی میں داخل ہوں گے تو جماعتِ احمدیہ کی زندگی کی یہ صدی غلبۂ اسلام کی صدی ہو گی-"

(بدر ۳۰ مئی ۱۹۷۴ء)

صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ

صد سالہ احمدیہ جوبلی منصوبہ کو کامیاب بنانے کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احباب جماعت سے ۱۹۷۳ء میں سولہ سالوں پر پھیلائی ہوئی قربانیوں کا مطالبہ فرمایا تھا، جن احباب نے اس فنڈ میں وعدے کئے تھے، انہیں اپنے وعدوں کا ۱۵/۶ حصہ امسال ادا کر دینا چاہیئے-

جن احباب نے ابھی تک اس بابرکت تحریک میں شمولیت اختیار نہیں کی- ان سے درخواست ہے کہ وہ آئندہ دس سال اللہ تعالیٰ کی نازل ہونے والی برکات پر بنیاد رکھ کر اپنے وعدے بھجوائیں اور پھر امسال اس کا دسواں حصہ ادا فرما دیں-

حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں : "حالات کے افق پر غلبۂ اسلام کے آثار ظاہر ہو رہے ہیں- لیکن اس کے لئے ہمیں بہرحال قربانیاں دینی ہوں گی-"

صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ کی صورت میں آپ سے جس مالی قربانی کا مطالبہ کیا گیا ہے- اسے پورا کر کے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے وارث ہوں-

عطاء اللہ کلیم
۲۰ جولائی ۱۹۷۹ء